باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member
کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار
Daily QAUM KI AWAZ karachi
روزنامہ قوم کی آواز کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک
جلد:24 | جمعۃ المبارک 25 جمادی الاوّل 1448ھ 06 نومبر 2026ء | شمارہ:228

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
"والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔"

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امرھا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
"جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو"۔

ڈیجیٹل محاذ پر جرائم کی روک تھام کیلئے قوانین مضبوط کیے گئے ہیں



عطا اللہ تارڑ نے ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام 29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عصر حاضر میں جعلی اور غیر مصدقہ خبریں سب سے بڑا چیلنج ہیں، پائیدار ترقی کا مقصد موجودہ اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے

ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یو این ڈی پی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، ہمیں اے آئی کا مثبت استعمال یقینی بنانا ہوگا، ٹک ٹاک پہلا پلیٹ فارم ہے جس نے اے آئی لیبلنگ متعارف کرائی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے جعلی اور غیر مصدقہ خبروں کو بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈیجیٹل محاذ پر جرائم کی روک تھام کے لیے قوانین کو مضبوط کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام 29 ویں پائیدار ترقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عصر حاضر میں جعلی اور غیر مصدقہ خبریں سب سے بڑا چیلنج ہیں، پائیدار ترقی کا مقصد موجودہ اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

منصوبے میں سنگِ مرمر اور گرینائٹ کو جدید طریقوں سے پراسیس کر کے عالمی معیار کی مصنوعات تیار کی جائیں گی، صنعت کاروں کو اقساط پر زمین، کم لاگت بجلی اور جدید مشینری کی سہولت دینے کی تیاری، سینئر وزیر کار کراچی ماربل سٹی انڈسٹریل پارک کی پری لانچ تقریب سے خطاب

شرجیل میمن کا کراچی میں پہلا ماربل سٹی قائم کرنے کا فیصلہ

تقریب میں وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری و پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ قاسم نوید قمر، معروف صنعت کار عارف حبیب، سرکاری حکام، صنعت کاروں اور کاروباری شخصیات نے شرکت کی، ماربل سٹی کی پری لانچنگ سندھ حکومت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے

قاسم نوید قمر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی ہدایات پر منصوبے کی قیادت کر رہے ہیں، جبکہ اس کے پس منظر میں چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری کا ترقی پسند وژن شامل ہے

کراچی (بزنس رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ کراچی میں پاکستان کا پہلا ماربل سٹی قائم کیا جا رہا ہے، جس سے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہونے کے ساتھ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ اور روزگار میں اضافہ ہوگا۔ منصوبے کے تحت سندھ سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں موجود سنگ مرمر اور گرینائٹ کے قدرتی ذخائر کو جدید صنعتی طریقوں سے پراسیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری قاسم نوید قمر کو کراچی ماربل سٹی انڈسٹریل پارک کی پری لانچ تقریب میں معروف صنعتکار عارف حبیب شیلڈ پیش کر رہے ہیں شرجیل میمن اور محمد وسیم بھی موجود ہیں

سرمایہ کاروں کو تمام ضروری سہولتیں فراہم کرنے کیلئے تیار

مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت برآمدات کیلئے موزوں فصلوں پر تحقیق کے فروغ کے لیے انٹرنیشنل ملٹی گروپ آف کمپنیز (IMGC) کے ساتھ قریبی تعاون کرے گی، کمپنی نے انھیں ارنڈی اور تل کے بیجوں کی پراسیسنگ، ویلیو ایڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اہم خبر



خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے ڈپلومیٹک بازار کا افتتاح کر دیا

وزارت خارجہ کے ڈی جی موفا عرفان سومرو کی بہترین کارکردگی پر پذیرائی

کراچی (علیم نواب خان سے) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے انسانی بہتری، ہمدردی اور افہام و تفہیم کے فروغ پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سائنسی اور تکنیکی ترقی کے ساتھ انسانیت میں ایک دوسرے کا خیال رکھنے اور دکھ درد بانٹنے کی صلاحیت بھی پروان چڑھنی چاہیے، پاکستان مکالمے، باہمی تعاون اور علاقائی و عالمی امن کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ خاتون اول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

یوم اقبال پر 9 نومبر کو اسٹیٹ بینک سمیت تمام بینک بند رہیں گے

ہفتہ اور اتوار کی تعطیلات کے بعد پیر کو عام تعطیل کے باعث بینکاری سرگرمیاں مسلسل تین روز معطل رہیں گی

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے یوم اقبال کے موقع پر عام تعطیل کے اعلان کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بھی پیر 9 نومبر 2026 کو بینک بند رکھنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

کراچی میں این سی سی آئی اے کا کال سینٹر پر چھاپہ، متعدد افراد گرفتار

کراچی (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کی ٹیم نے شاہراہ فیصل پر واقع ایک کال سینٹر پر چھاپہ مار کر متعدد افراد کو گرفتار کر لیا، جن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سندھ میں میڈیکل داخلوں کے لیے انٹرمیڈیٹ نمبروں میں مہینہ بہ مہینہ کا بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا

کراچی (این این آئی) سندھ میں ایم بی بی ایس کے داخلوں کے لیے انٹرمیڈیٹ پری میڈیکل کے امتحانی نمبروں میں مہینہ بہ مہینہ طور پر بڑے پیمانے پر ردوبدل کا اسکینڈل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

ٹرانس جینڈر طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کیلئے سندھ ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ سے اسکالرشپس دینے کا فیصلہ

تعلیم اور مطلوبہ قابلیت حاصل کرنے والے افراد بطور استاد بھی خدمات انجام دے سکیں گے، وزیر تعلیم سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ٹرانس جینڈر طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں معاونت فراہم کرنے کے لیے سندھ ایجوکیشن اینڈومنٹ فنڈ کے تحت اسکالرشپس دینے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ ٹرانس جینڈر ایجوکیشن پالیسی کے مسودے کو کمیونٹی کی مشاورت سے حتمی شکل دینے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ٹرانس جینڈر کمیونٹی کے ایک وفد نے وزیر تعلیم سندھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

عمرہ پیکیج فراڈ میں 49 شہریوں سے 70 لاکھ روپے بٹورنے والا ٹریول ایجنٹ گرفتار

ایف آئی اے کی دو کارروائیاں 2014 کے انسانی اسمگلنگ اور ویزا فراڈ کیس کا اشتہاری ملزم بھی پکڑا گیا

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی نے دو مختلف کارروائیوں کے دوران عمرہ پیکیج فراڈ اور انسانی اسمگلنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

جے یو آئی سندھ کا حکومتی اقدامات کیخلاف آئینی و جمہوری جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

علامہ راشد محمود سومرو کے گھر کی ڈرون فوٹیج بنانے اور رہنماؤں کو نیب و ایف آئی اے کے نوٹس جاری کرنے پر تشویش

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) سندھ کے اہم اجلاس میں قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کے بعد قائد سندھ علامہ راشد محمود سومرو کے گھر کی ڈرون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

منشیات نے معاشرتی اور معاشی مسائل میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، رفیع احمد

تعلیمی اداروں سمیت ہر جگہ منشیات کی رسائی تشویشناک ہے، انسداد منشیات کے لیے میڈیا اپنا بھرپور کردار ادا کرے، منظم انصاری

کراچی (این این آئی) منشیات کے خلاف مؤثر اور منظم روک تھام نہ ہونے کے باعث اس کا پھیلاؤ تعلیمی اداروں سمیت معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچ چکا ہے، جو انتہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

رینجرز اور ایس آئی یو پولیس کا جمشید ٹاؤن میں مشترکہ آپریشن

کراچی (این این آئی) پاکستان رینجرز (سندھ) اور ایس آئی یو پولیس نے بھتہ مافیا کے سرگرم گروہ کے خلاف جمشید ٹاؤن میں مشترکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

اربوں روپے کے رہن شدہ سامان کی چوری کا مقدمہ، سندھ ہائی کورٹ نے بینکنگ کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے اربوں روپے مالیت کے رہن شدہ سامان کی مبینہ چوری کے مقدمے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سندھی مسلم فوڈ واک اسٹریٹ پر ڈکیتی، شہری قیمتی موبائل فون سے محروم

کراچی (این این آئی) سندھی مسلم فوڈ واک اسٹریٹ پر ڈکیتی کی واردات کے دوران موٹر سائیکل سوار دو ملزمان شہری سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



06 نومبر 1947

بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں کشمیریوں کی منظم نسلی کشی

بربریت اور ظلم کی اس داستان کے تین بڑے کردار

- مہاراجہ ہری سنگھ کی فوج
- بھارتی فوج
- ہندو دہشت گرد تنظیم آر ایس ایس

237,000

کشمیری مسلمانوں کا منظم انداز میں قتل عام

برطانوی اخبار دی ٹائمز (لندن) کی رپورٹ (مورخہ 10 اگست 1948)

پوری پاکستانی قوم حق خودارادیت کے لیے شہید ہونے والے ان لاکھوں کشمیریوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے

ڈاکٹر حاجی محمد رفیق پردیسی
روح رواں ورلڈ کشمیر فورم

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرضا ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

امریکہ میں وسط مدتی انتخابات۔۔۔۔!

امریکہ کے وسط مدتی انتخابات کے ابتدائی نتائج میں ڈیموکریٹک پارٹی کے امیدواروں کو نمایاں سبقت حاصل ہوچکی ہے۔امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیموکریٹس نے نہ صرف ایوانِ نمائندگان بلکہ سینیٹ کا کنٹرول بھی سنبھال لیا ہے۔اِن سطور کی تحریر تک سامنے آنے والے نتائج کے مطابق ایوانِ نمائندگان میں ڈیموکریٹس کو 231 جبکہ ریپبلکنز کو 139 نشستوں پر برتری حاصل تھی۔امریکی سینیٹ میں بھی ڈیموکریٹس 54 نشستیں حاصل کر کے اپنی پوزیشن مستحکم کر چکے تھے۔ابتدائی نتائج کے مطابق سینیٹ میں ڈیموکریٹس کی تعداد 54 جبکہ ریپبلکنز کی تعداد 44 تھی۔ایوان نمائندگان کی کل 435 نشستیں ہیں اور اِس کا کنٹرول سنبھالنے کے لئے کسی بھی جماعت کو 218 نشستوں پر جبکہ امریکی سینیٹ میں سادہ اکثریت کے لئے 100 میں سے 51 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔اِن وسط مدتی انتخابات کے نتائج نے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سیاسی عزائم اور پالیسیوں کو شدید دھچکا لگایا ہے۔داخلی اور خارجی محاذ پر اُن کے کئی اقدامات ووٹرز کے ہاں پذیرائی حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔سیاہ فام آبادی کے حقوق، سخت گیر امیگریشن پالیسیاں، اسلاموفوبیا، ایران جنگ اور اِس کے نتیجے میں ملک بھر میں بڑھتی مہنگائی اور ''ٹیرف وار'' سمیت بعض دیگر عوامل شکست کا باعث بن گئے۔صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتخابات میں ایران کے ساتھ جاری تنازعے کے منفی کردار کو کھلے عام تسلیم کیا کرتے ہوئے کہا کہ ریپبلکن پارٹی کی توقع کے مطابق کامیابی نہ ملنے کی ایک اہم وجہ ایران تنازعہ اور اُس کے نتیجے میں معیشت پر پڑنے والے اثرات تھے۔اُنہوں نے اعتراف کیا کہ عام شہری پٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور دیگر اشیائے ضروریہ کی مہنگائی کی صورت میں سامنے آنے والے قلیل مدتی معاشی نتائج کو بھگتنے کیلئے ذہنی طور پر تیار نہیں تھے۔یہ اَمر اِس بات کا غماز ہے کہ عام امریکی ووٹر کیلئے روزمرہ کی معاشی آسودگی اور زندگی کی بنیادی لاگت نظریاتی یا جارحانہ خارجی پالیسیوں سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارتی مدت کے ابھی دو سال باقی ہیں تاہم انتخابات کے نتائج نے واضح کر دیا ہے کہ اُنہیں اقتدار کے بقیہ عرصے میں شدید داخلی سیاسی کشمکش اور پارلیمانی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ڈیموکریٹک پارٹی نے ایوانِ نمائندگان کے ساتھ سینیٹ میں بھی اکثریت حاصل کر کے امریکی کانگریس کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے جس سے وائٹ ہاؤس کی قانون سازی، انتظامی فیصلوں اور پالیسی سازی پر اثر انداز ہونے کی صلاحیت محدود ہوسکتی ہے۔امریکی سیاسی نظام میں صدر کو وسیع انتظامی اختیارات حاصل ہیں لیکن اِن اختیارات کے استعمال پر کانگریس کی نگرانی اور آئینی حدود بھی موجود ہیں۔اب ڈیموکریٹس نہ صرف حکومتی قانون سازی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتے ہیں بلکہ انتظامیہ کے اقدامات کی تحقیقات، حکومتی تقرریوں کی مخالفت اور پالیسیوں پر مؤثر نگرانی کا اختیار بھی استعمال کر سکیں گے، وائٹ ہاؤس کے لئے اب اپنی مرضی کے فیصلے کرنا اور اُنہیں بلامزاحمت نافذ کروانا پہلے جتنا آسان نہیں ہوگا۔جمہوریت میں طاقت کا توازن ہی اصل طاقت ہوتا ہے اور امریکی عوام نے بیلٹ پیپر کے ذریعے اسی توازن کو تبدیل کر کے حکمران جماعت کو ایک واضح سیاسی پیغام دے دیا ہے۔اِس سیاسی و انتخابی اُتھل پتھل میں ایک قابل توجہ پہلو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا انتخابی نتائج کے بعد اختیار کردہ رویہ بھی ہے۔اُنہوں نے نتائج قبول کرنے اور ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔اگرچہ انتخابی مہم کے دوران وہ مخالف جماعت کے اقدامات کو ویٹو کرنے اور ڈیموکریٹس کی تجاویز کی بھرپور مخالفت کرنے کے اعلانات کرتے رہے تاہم نتائج سامنے آنے کے بعد اُنہوں نے مخالف جماعت کی کامیابی کو تسلیم کرتے ہوئے تعاون کا عندیہ دیا ہے۔یہ اَمر اپنی جگہ اہم ہے کہ وسط مدتی انتخابات میں صدر کی اپنی نشست داؤ پر نہیں ہوتی بلکہ کانگریس کے ایوانوں اور بعض ریاستی عہدوں کے لئے عوام فیصلہ کرتے ہیں۔




محمد سلیمان کے اعزاز میں ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن میرپورخاص کے زیر اہتمام پروقار عشائیہ

تقریب میں نعیم غوری، نجف علی لغاری، خازن داؤد خان، عقیل احمد راجپوت، عبدالجبار پھٹور، افضل ناریجو، سلیم غوری، شعیب بھٹی، رمیز آرائیں، واحد حسین پہلوانی شریک



میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) محمد سلیمان کے اعزاز میں ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن میرپورخاص کے زیر اہتمام پروقار عشائیہ، قومی ٹیسٹ ٹیم میں شمولیت پر شاندار خراج تحسین پیش کیا گیا، پاکستان کی قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم میں میرپورخاص کے باصلاحیت کرکٹر محمد سلیمان کی شمولیت پر ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن میرپورخاص کی جانب سے ان کے اعزاز میں ایک پروقار عشائیہ تقریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

خیرپور میں جاگیرانی اور سولنگی برادریوں میں تصادم کے بعد پولیس کا بڑا آپریشن



خیرپور (رپورٹ سجاد حسین شر) خیرپور میں جاگیرانی اور سولنگی برادریوں میں تصادم کے بعد پولیس کا بڑا آپریشن، خیرپور میں جاگیرانی اور سولنگی برادریوں کے درمیان جاری کشیدگی اور آپس کے جھگڑے کے بعد امن وامان کی صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے خیرپور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جماعت اسلامی ضلع بدین کے نئے عہدیداران مقرر، عبدالکریم بلیدی جنرل سیکریٹری نامزد

ماتلی (نمائندہ قوم کی آواز) جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر اللہ بچایو بالیپوٹہ نے ضلعی شوریٰ کے فیصلے کی روشنی میں سیشن 2026ء تا 2028ء کے لیے نئے ضلعی عہدیداران کا تقرر کر دیا ہے۔نئے عہدیداران آئندہ دو سال تک اپنی تنظیمی ذمہ داریاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سیٹلائٹ ٹاؤن میں پولیو مہم کے دوران انکاری خاندان رضامند، بچوں کو قطرے پلا دیے گئے



میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) سیٹلائٹ ٹاؤن میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران ایک گھر میں والدین کی جانب سے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو کا ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے ہمراہ بھٹائی ڈینٹل کالج اور سول اسپتال اولڈ میرپورخاص کا دورہ



میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ٹو فیصل علی سومرو نے ڈسٹرکٹ ہیومن رائٹس کمیٹی کے ارکین کے ہمراہ بھٹائی ڈینٹل کالج میرپورخاص (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہمیر خان بھٹو نے اولڈ سول ہسپتال میں قائم گردوں کے امراض کے علاج کے لئے ڈائیلاسز سینٹر کا دورہ کیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہمیر خان بھٹو نے اولڈ سول ہسپتال میں قائم گردوں کے امراض کے علاج کے لئے ڈائیلاسز سینٹر کا دورہ کیا۔اس موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



جامشورو کے صحافی باریجو برادران کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں پر صحافیوں اور سول سوسائٹی کا احتجاج، انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ



میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) جامشورو کے صحافی باریجو برادران کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں پر صحافیوں اور سول سوسائٹی کا احتجاج، انصاف فراہم کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

گھوٹکی میں انٹر اسکولز اینڈ کلب تائیکوانڈو چیمپئن شپ اور بیلٹ پروموشن تقریب کا انعقاد، کھلاڑیوں میں میڈلز اور سرٹیفکیٹس تقسیم

گھوٹکی (نمائندہ قوم کی آواز) محکمہ کھیل و امورِ نوجوانان حکومت سندھ کے تعاون سے فاسٹ تائیکوانڈو اکیڈمی گھوٹکی کے زیرِ اہتمام انٹر اسکولز اینڈ کلب تائیکوانڈو چیمپئن شپ اور بیلٹ پروموشن تقریب 2026 منعقد ہوئی، جس میں مختلف مقابلوں میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

GOLD RATE

سونا 24K۔(10 گرام)	387,517
سونا 24K۔(فی تولہ)	452,000
سونا 22K۔(10 گرام)	355,224
سونا 22K۔(فی تولہ)	414,440
چاندی۔(10 گرام)	5824

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
اماراتی درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرینی دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

نواب شاہ میں انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر تقریری، مضمون نویسی اور مصوری کے مقابلے

نواب شاہ (بیورو رپورٹ) ریجنل ڈائریکٹر کالجز شہید بینظیر آباد لالہ رخ بلوچ کی زیر نگرانی گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نواب شاہ کے ملٹی پرپز ہال میں قومی احتساب بیورو (نیب) کے اشتراک سے انسدادِ بدعنوانی کے موضوع پر تقریری مقابلوں اور آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع شہید بینظیر آباد کے 11 سرکاری کالجز کے طلبہ وطالبات اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف کالجز کے ایڈیشنل ڈائریکٹر انسپکشن پروفیسر حسین رند، اسسٹنٹ ڈائریکٹر مانیٹرنگ اینڈ ایویلوایشن عطا محمد سیال، پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج نواب شاہ مزمل ظہور کھرل اور پرنسپل گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج دولتپور پروفیسر ارشاد علی اوٹھو سمیت دیگر مقررین نے کہا کہ آگاہی پروگرام اور مقابلوں کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو بدعنوانی کے منفی اثرات، جرائم سے اس کے تعلق اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

سکھر میونسپل کارپوریشن کے ملازمین کا میئر آفس کے باہر چوتھے روز بھی احتجاج

سکھر (بیورو رپورٹ) سکھر میونسپل کارپوریشن کے ملازمین کا صبر جواب دے گیا، تنخواہوں، پنشن اور دیگر مطالبات کی عدم منظوری کے خلاف تین روز تک سکھر پریس کلب کے باہر احتجاجی دھرنا دینے کے بعد ملازمین نے چوتھے روز بھی میئر سکھر کے دفتر کے باہر احتجاج جاری رکھا اور نعرے بازی کی۔محت کش اسٹاف یونین سی بی اے سکھر میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام ہونے والے مظاہرے میں ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔مظاہرین نے ہاتھوں میں بینرز اور مذمتی پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے۔احتجاج کی قیادت یونین کے سینئر نائب صدر دانش قریشی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

محمد سلیم کی قیادت میں پاکستان کی دولتِ مشترکہ سربراہ اجلاس 2026 میں شرکت

محمد سلیم نے سینٹ جانز میں شاہ چارلس سوم، ملکہ کامیلا اور دولتِ مشترکہ کے رہنماؤں کے ہمراہ اجلاس میں شرکت کی

پاکستانی وفد نے یکم سے چار نومبر تک انٹیگوا اور باربوڈا میں عالمی رہنماؤں سے اہم سفارتی روابط قائم کیے

آسٹریلوی وزیراعظم انتھونی البانیز، سری لنکن وزیراعظم ہارینی نیرکا اماراسوریا اور شرلی بوچوے سے بھی اہم ملاقاتیں ہوئیں



کراچی (خصوصی نمائندہ) پاکستان کے ہائی کمشنر محمد سلیم کی قیادت میں پاکستانی وفد نے دولتِ مشترکہ کے 28ویں سربراہانِ حکومت کے اجلاس (CHOGM 2026) میں شرکت کی، جو یکم سے چار نومبر 2026ء تک انٹیگوا اور باربوڈا کے شہر سینٹ جانز میں منعقد ہوا۔اس اہم بین الاقوامی اجلاس میں دولتِ مشترکہ کے رکن ممالک کے سربراہانِ مملکت، حکومتی رہنماؤں، وزرائے خارجہ اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی، جہاں مختلف عالمی امور، باہمی تعاون اور رکن ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔پاکستانی وفد کی قیادت کرنے والے ہائی کمشنر محمد سلیم نے اجلاس کے دوران دولتِ مشترکہ کے خاندان کے دیگر رہنماؤں کے ساتھ شرکت کی اور مختلف ممالک کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں۔اجلاس میں برطانیہ کے شاہ چارلس سوم نے دولتِ مشترکہ کے سربراہ کی حیثیت سے شرکت کی، جبکہ ان کے ہمراہ ملکہ کامیلا بھی موجود تھیں۔اس موقع پر انٹیگوا اور باربوڈا کے وزیراعظم گیسٹن براؤن، دولتِ مشترکہ کی سیکریٹری جنرل شرلی بوچوے اور مختلف رکن ممالک کے سربراہانِ حکومت، وفود کے نمائندوں اور وزرائے خارجہ نے بھی شرکت کی۔اجلاس میں مختلف ممالک کی قیادت کی موجودگی نے اسے عالمی سطح پر اہم سفارتی اجتماع بنا دیا، جہاں رکن ممالک کو ایک دوسرے کے ساتھ براہِ راست رابطوں، تجربات کے تبادلے اور مشترکہ دلچسپی کے امور پر بات چیت کے مواقع میسر آئے۔پاکستان کی نمائندگی بھی اسی تناظر میں اہمیت کی حامل رہی، کیونکہ ایسے بین الاقوامی پلیٹ فارمز پر شرکت کے ذریعے پاکستان کو دیگر ممالک کے ساتھ سفارتی روابط کو آگے بڑھانے کا موقع ملتا ہے۔اجلاس کے موقع پر ہائی کمشنر محمد سلیم نے آسٹریلیا کے وزیراعظم انتھونی البانیز سے بھی ملاقات کی۔اس ملاقات میں دونوں رہنماؤں کو باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کا موقع ملا۔دولتِ مشترکہ کے اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے سربراہان کے ساتھ اس نوعیت کی ملاقاتیں سفارتی روابط کو مستحکم کرنے اور مشترکہ معاملات پر بات چیت کے لیے اہم سمجھی جاتی ہیں۔محمد سلیم نے سری لنکا کی وزیراعظم ہارینی نیرکا اماراسوریا سے بھی ملاقات کی، جس میں دونوں ممالک کے درمیان رابطوں اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر گفتگو کا موقع فراہم ہوا۔پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دوستانہ تعلقات کے تناظر میں یہ ملاقات بھی اہمیت کی حامل رہی۔اسی طرح پاکستانی ہائی کمشنر نے دولتِ مشترکہ کی سیکریٹری جنرل شرلی بوچوے سے بھی ملاقات کی۔شرلی بوچوے اجلاس میں دولتِ مشترکہ کے ادارے کی اعلیٰ نمائندہ حیثیت سے شریک تھیں۔ان ملاقاتوں نے پاکستان کو دولتِ مشترکہ کی قیادت اور دیگر رکن ممالک کے نمائندوں کے ساتھ روابط مزید آگے بڑھانے کا موقع فراہم کیا۔



حاکمِ شارجہ شیخ سلطان القاسمی نے شارجہ عالمی کتب میلے کا وفد کے ہمراہ شاندار افتتاح کر دیا

شیخہ بدور بنت سلطان القاسمی سمیت پرتگال اور پاکستان، بھارت کے ماہرین سمیت دنیا بھر کے نمائش کنندگان کی شرکت

شیخ سلطان القاسمی نے جامعات سے تعاون، مخطوطات کی تحقیق اور عرب علمی ورثے کے تحفظ کو ناگزیر قرار دیا

ڈاکٹر البانو فیگیر یڈو نے یونیورسٹی آف کوئمبرا کے عربی مطالعات مرکز کی کامیابیوں اور شیخ سلطان کی سرپرستی کو سراہا



شارجہ (خصوصی نمائندہ) سپریم کونسل کے رکن اور شارجہ کے حکمران عزت مآب شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے جمعرات کی صبح شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر کے موقع پر پرتگال اور بھارت سے تعلق رکھنے والے آرکائیوز، تاریخی دستاویزات اور مخطوطات کے ماہرین پر مشتمل وفد سے ملاقات کی۔اس موقع پر شارجہ بک اتھارٹی کی چیئرپرسن عزت مآب شیخہ بدور بنت سلطان القاسمی بھی موجود تھیں۔ملاقات میں پرتگال کے نیشنل آرکائیوز کے ڈائریکٹر جنرل برائے کتب، آرکائیوز اور لائبریریز ڈاکٹر لوئس فیلیپ سانتوس، بھارت کی ریاست گوا کی حکومت کے آرکائیوز ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر بالاجی شینوئے، یونیورسٹی آف کوئمبرا کے فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینیٹیز کے ڈین ڈاکٹر البانو فیگیر یڈو، اسی یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ، یورپی مطالعات، آثارِ قدیمہ اور فنون کے پروفیسر اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر جوزے پیڈرو ڈی ماتوس پائیوا اور آثارِ قدیمہ کے ماہر ڈاکٹر روئی کارینا شامل تھے۔شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے وفد کے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ شارجہ دنیا بھر کے علمی اور ثقافتی اداروں کے ساتھ روابط مضبوط بنانے اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے پُرعزم ہے۔ایسے روابط مختلف شعبوں میں مہارتوں اور علمی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر ہر سال ایک اہم ثقافتی اور علمی پلیٹ فارم کے طور پر دنیا بھر کے لوگوں کو شارجہ میں جمع کرتا ہے، جہاں کتاب، مطبوعات اور مطالعے کے فروغ کے ساتھ شارجہ کی علمی شناخت بھی اجاگر ہوتی ہے۔حاکمِ شارجہ نے دنیا بھر کے خصوصی آرکائیوز اور دستاویزات کے اداروں کے ساتھ شارجہ کے ممتاز تعلقات کو سراہتے ہوئے کہا کہ مختلف جامعات اور سائنسی اداروں کے ساتھ تعاون کے نتیجے میں مخطوطات کی تحقیق، تصنیف اور تحریر کے شعبوں میں اہم علمی منصوبے مکمل ہوئے ہیں۔ان کوششوں سے عرب اور عالمی کتب خانوں میں نایاب اور تاریخی اہمیت کی حامل مطبوعات کا اضافہ ہوا ہے۔ملاقات میں دنیا بھر کے تحقیقی اور دستاویزی مراکز کے درمیان تاریخی مخطوطات اور نادر دستاویزات کے حوالے سے سائنسی تعاون کی اہمیت پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ تاریخی ریکارڈ کی درست تدوین، تحقیق اور محفوظ رکھنا آنے والی نسلوں کے لیے انتہائی ضروری ہے۔آرکائیوز اور دستاویزات کے ذریعے اقوام اور معاشروں کی تاریخ کو تحریف اور تبدیلی سے محفوظ رکھا جاسکتا ہے، جبکہ محققین کو مستند تاریخی معلومات تک رسائی بھی حاصل ہوتی ہے۔وفد کی جانب سے یونیورسٹی آف کوئمبرا کے فیکلٹی آف آرٹس اینڈ ہیومینیٹیز کے ڈین ڈاکٹر البانو فیگیر یڈو نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی کا پرتپاک استقبال اور مسلسل تعاون پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے یونیورسٹی آف کوئمبرا اور امارتِ شارجہ کے درمیان مختلف تحقیقی اور سائنسی منصوبوں میں جاری شراکت داری کو سراہا۔



1 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

2 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

3 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

4 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

5 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

6 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

7 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

8 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

9 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

10 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

11 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

12 ﴿تدفین کنندگان﴾

ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی، شیر شاہ، کراچی۔ ۱۲ مئی ۲۰۲۶ء: ریلوے کالونی شیر شاہ میں واقع ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے قبرستان میں تدفین کرنے والے عملے کے ارکان کی ڈیوٹی ۱۲ مئی سے ۱۸ مئی تک لگائی گئی ہے۔ ڈیوٹی پر مامور ارکان کے نام یہ ہیں: محمد یونس بھٹی، عبدالستار لاشاری، نذیر احمد کھوسو، غلام سرور جتوئی، اور محمد اسلم بروہی۔ ان کے ذمے قبروں کی کھدائی، تدفین کے انتظامات اور قبرستان کی صفائی ہے۔ ڈیوٹی کے دوران کسی بھی ہنگامی صورت حال کی اطلاع فوری طور پر ہیڈ کوارٹر ریلوے کالونی کے کنٹرول روم کو دی جائے۔

13 ﴿تدفین کنندگان﴾

